لا فتى الا علي لا سيف الا ذوالفقار

Rampur State Ga[illegible]te.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۱ | مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲۰ شعبان المعظم ۱۳۴۳ھ مطابق ۱۶ مارچ ۱۹۲۵ء | جلد ۳۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	ترمیم قانون ٹیکہ [illegible]	۱ و ۲
۲	سلسلہ نظام چوکیداری افسر [illegible] جنگلات سے	۲
۳	روئداد کمیٹی میونسپلٹی	ضمیمہ
	نقشہ نرخنامہ اجناس	"

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۸ فروری ۱۹۲۵ء

مسودہ ترمیم دو دفعات قانون ٹیکہ ملاحظہ ہوا حسب رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر قانون ٹیکہ کے دفعات نمبر ۱۴ و ۱۵ کی بجائے دفعات مندرجہ ذیل قایم کیا جانا منظور ہے۔

دفعہ (۱) بجائے عبارت دفعہ ۱۴ قانون ٹیکہ مجریہ ۱۵ نومبر ۱۸۹۵ء حسب ذیل عبارت قایم کیجائے

سپرنڈنٹ ٹیکہ گوتھن سیتلا کو لازم ہے کہ علاوہ اور خدمات کے جو اس
قانون یا اُسکے شرائط کی رو سے اُس سے متعلق کی گئی ہین یہ دریافت
کرے کہ آیا تمام اطفال ذکور غیر محفوظ عمر مین ۱۴ برس سے کم اور اطفال
اناث غیر محفوظ عمر مین ۸ برس سے کم جو اُسکے علاقہ نگرانی کے رقبہ ارضی
کے اندر ہون گوتھن سیتلا کا ٹیکہ پا چکے ہین یا نہین اور اگر اسکو کسی
وجہ سے یقین ہو کہ کسی طفل کا مان باپ یا ولی اس قانون کے شرائط مندرجہ
صدر کی رو سے اس بات کا پابند ہے کہ طفل مذکور کو گوتھن سیتلا کا
ٹیکہ لگوائے یا اُسکو معائنہ کے لئے پیش کرے اور اُسنے ایسا نہ کیا
تو سپرنڈنٹ ٹیکہ کو لازم ہے کہ اُس طفل کے مان باپ یا ولی کے
نام اطلاعنامہ جاری کرے کہ شخص مذکور گوتھن سیتلا کا ٹیکہ طفل کے
لگوائے یا اُسکو معائنہ کے لئے ایسے وقت اور مقام پر پیش کرے
جو اطلاعنامہ مین درج ہو۔ اور اس اطلاعنامہ کی تعمیل دست
بدست کرائی جائیگی۔ تا بحالت عدم دستیابی اُس شخص کی جسکے نام
اطلاعنامہ جاری ہوا ہے اُسکے مکان پر چسپان کرا دیا جائیگا اور بعد
تعمیل اطلاعنامہ تعمیل کنندے کی رپورٹ تحریری پیش کیجائیگی کہ دست
بدست تعمیل ہوئی ہے یا بوجہ عدم دستیابی اس شخص کے جسکے نام
اطلاعنامہ جاری ہوا تھا چسپاندگی سے تعمیل ہوئی ہے۔

دفعہ ۲ بجائے عبارت دفعہ ۱۵ قانون مذکور حسب ذیل عبارت
قایم کیجائے۔

اگر اطلاعنامہ متذکرہ دفعہ نمبر ۱۴ کی تعمیل نہ کیجائے تو سپرنڈنٹ ٹیکہ
اُس عدم تعمیل کی رپورٹ اسسٹنٹ سرجن صاحب کو کریگا اور اگر اسسٹنٹ
سرجن صاحب مناسب سمجھین گے تو اس شخص پر مقدمہ قایم کرنے کے لئے
سکرٹری صاحب افسر اعلے شفاخانہ اجلاس مین کاغذات بھیجدینگے
اور سکرٹری صاحب افسر اعلے شفاخانہ مجسٹریٹ ضلع یا کسی مجسٹریٹ کے
پاس مقدمہ قایم کرنے کے لئے بھیجدینگے جس مجسٹریٹ کے پاس ایسے
کاغذات بھیجے جائینگے اُسکو لازم ہوگا کہ طفل کے مان باپ یا ولی
سے وجہ عدم تعمیل کی طلب کرے اور اگر وجہ منظرہ اُسکے غیر قابل اطمینان ہو تو حکم
تحریری اس ہدایت کے ساتھ صادر کرے کہ طفل کے مان باپ یا ولی
قبل اُس تاریخ سے جو حکم مین مندرج ہو اطلاعنامہ کی تعمیل کرے۔ اگر
تاریخ مندرجہ حکم تک حکم کی تعمیل نہ ہو تو مجسٹریٹ مذکور کو چاہئے کہ مان باپ
یا ولی کو اپنے روبرو طلب کرے بجز اُس صورت کے کہ کوئی وجہ یا عذر
معقول ظاہر کیا جائے۔ نامبردہ کی عدول حکمی کی نسبت سزا صادر کرے

جو دفعہ نمبر ۱۹ مین مقرر ہے۔

دفعہ ۳ - سرکلر مجوزہ ہوم سکرٹری بہادر مورخہ ۱۰ اگست ۱۹۱۹ء
منظور شدہ اجلاس ہمایون منسوخ کیا گیا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجرا احکام صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر کے پاس
مرسل ہو۔

[دستخط]

حکم صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

[دستخط]

۴- مارچ ۱۹۲۵ء

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر واقع ۴ مارچ ۱۹۲۵ء

حسب روبکار امروزہ بسلسلہ انتظام عہدہ پیشکاری افسر صاحب محلات معلی
بوجہ وفات مرزا محمد رضا بیگ پیشکار افسر صاحب محلات معلے سید سکندر علی
ابلمد پوشاک محلات معلے مشاہرہ دوازدہ روپیہ باضافہ دو روپیہ بعہدہ پیشکاری
مقرر کئے گئے جگہ اُنکی تخفیف کیگئی اور دو روپیہ ماہوار اضافہ تنخواہ موجودہ ہشت روپیہ
شاہ احمد خلف فدا احمد متوفے پیشکار سابق افسر صاحب محلات معلے عمل مین آیا
مشار الیہ بہ دس روپیہ ماہوار پائینگے۔ افسر صاحب کے متعلق صیغہ جات تحویلخانہ
یتیم خانہ بستہ خانہ خاص۔ توشہ خانہ۔ جانورین کا کام۔ تیاری پوشاک محلات
چونکہ ان صیغہ جات مین کام کچھ زیادہ نہین ہے۔ لہذا افسر
مناسب انتظام کام کا موجودہ عملہ سے فرمائینگے۔

حسب محلات معلے بعد [دستخط]

علمی ذخیرہ

اعلحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہوگئی ہین ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے
اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اُٹھائیے خود بھی خرید فرماکر پڑھئے اور احباب کو بھی دکھائیے۔
قول شافی یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہے۔ جسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے
جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲ آنہ
التوحید۔ یہ کتاب جامع حادی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے اس میں خداوند عالم کے وجود
اس کی توحید و صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے اس کی قیمت بھی علاوہ محصول ۱۲ آنہ ہے۔
خصائص معاویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول کتاب جامع حادی کے ملحقات میں ہے جو دراصل
محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصایح کافیہ کا ترجمہ ہے بعض مطالب کا اس میں اضافہ کیا گیا ہے
قیمت علاوہ محصول ڈاک چھ آنہ ہے۔ جسقدر نسخے مطلوب ہوں درخواست منصرم صاحب
کتب خانہ کی خدمت میں ارسال فرمائیے۔ ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور۔

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات وصنعت وحرفت

واقع ۱۴ فروری ۱۹۲۵ء

روئداد جلسہ جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ۶ فروری ۱۹۲۵ء پیش ہوئی۔ جملہ دفعات کا ملاحظہ ہوا

دفعہ ۱ کے متعلق حکم ہوا کہ سپاہی کی تنخواہ کی بچت سے اہل قلم کا اضافہ غیر مناسب صورت ہے بجٹ میں گنجائش ہونے پر جدید اسکیم مرتب ہو کر پیش ہونا چاہئے۔

دفعہ ۲ و دفعہ ۳ کے بابت حکم ہوا کہ بصورت گنجائش بجٹ اسکیم جدید پیش کیجاوے۔

دفعہ ۴ کے متعلق یہ حکم ہوا کہ اس قدر جزو کیلئے جو بہا گیرت کے موازی ہشت آنہ کے بیابہ کرائے جانے کے متعلق ہے تجویز کمیٹی منظور ہو۔ قواعد وضوابط کی ترمیم وتنسیخ کا جزو علیحدہ پیش ہو کر کمیٹی کی رائے معلوم ہونا چاہئے۔

لہذا حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا مع نقل روئداد منسلکہ بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو اور اصل کاغذات ہذا خدمت میں میونسپل افسر صاحب کے واپس ہوں

دستخط صاحب سکریٹری بہادر پی۔ ڈبلو۔ ڈی وصنعت وحرفت

روئداد جلسہ جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ٹاون ہال واقع میونسپل آفس

محررہ ۶ فروری ۱۹۲۵ء

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسمار ممبران ملازم سرکار	اسمار ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
		مبارک علی خان صاحب	صاحب میونسپل افسر	۱۔ صاحبزادہ سید قدرت علی خان صاحب بہادر ۲۔ مولوی محمد فرخ صاحب	۱۔ ماسٹر ہرنام سنگھ صاحب ممبر حلقہ ۲۔ مظفر علی خان صاحب ممبر حلقہ ۳۔ ساہو بنارسی داس صاحب ممبر حلقہ ۴۔ چودھری جانکی پرشاد صاحب ممبر حلقہ ۵۔ ایوب شاہ خان صاحب ممبر حلقہ ۶۔ مولوی اعجاز حسین صاحب ممبر حلقہ			
	درخواست منشی شمس الدین خان ہیڈ کلرک میونسپلٹی بابت اضافہ تنخواہ					۱	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ تنخواہ ہیڈ کلرک میونسپلٹی بحساب [illegible] مبلغ ... روپیہ ماہوار تنخواہ ملتی ہے مبلغ دو روپیہ محمد رضا سپاہی کی تنخواہ سے [illegible]	

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	نمبر	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							فی الحال مبلغ دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا جائے کاغذات بابت منظوری باجلاس جناب سکریٹری صاحب بہادر صنعت و حرفت و تجارت پیش ہوں	[illegible]
۲	درخواست صاحبزادہ سید شجاع اللہ خان گرداور باستدعاء اضافہ تنخواہ						بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ دورے گرداور حلقہ غربی کی تنخواہ پچیس روپیہ ماہوار ہے اور حلقہ غربی و شرقی کا کام دونوں برابر ہے اور صاحبزادہ سید شجاع اللہ خان گرداور ہوشیار اور کارکردہ ہیں کمیٹی کی رائے میں مبلغ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا جائے اس کا کاغذات بابت منظوری باجلاس جناب سکریٹری صاحب بہادر پی۔ ڈبلیو ڈی صنعت و حرفت پیش ہوں۔	ایضاً
۳	کاغذات تقرری تحویلدار جدید میونسپلٹی ورنگل					۳	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ تحویلدار کو تعینات کی واقعی ضرورت ہے جسقدر رقومات سرکاری تحویلدار کو جابجا داخل کرنے کے دیجائے اُن رقومات کو دوسرے دن خزانہ صدر میں جمع کراکے داخلہ معائنہ کرا دے جسقدر رقم کی ضمانت تحویلدار کی ہو اُس سے زائد رقوم سرکاری تحویلدار کے پاس نہیں رہنا چاہیئے۔ تحویلدار کے تجویز کی بابت جناب فائننشل سکریٹری صاحب بہادر سے دریافت ہونا چاہیئے جس شخص کو صاحب موصوف پسند فرمائیں اُس کا تقرر ہونا چاہیئے اصل کاغذات باجلاس جناب سکریٹری صاحب بہادر پی ڈبلیو ڈی صنعت و حرفت پیش ہو۔	ایضاً
۴	رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب چنگی دربارہ تصفیہ محصول روئی نکاسی					۴	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ ایسا سامان جو شہر کے اندر نہ لایا جائے اور براہ راست باہر باہر چلا جائے اُس پر کوئی محصول نہیں لیا جائے اور روئی نکاسی حسب منشاء دفعہ ۱۸ مقطع ہونے کی ضرورت ہے اس لئے کہ اگر روئی مقطع ہوگا تو اُس کا دوسرا اثر کون سی چونگی پر دیا جائے گا۔	

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							اسلئے دروازہ قطع ہونیکی ضرورت نہیں ہے بہاگیرت سہ جو سواری آٹھ آنہ لئے گئے ہیں وہ واپس اس وجہ سے نہیں ہو سکتے کہ اُس کا پتہ نہیں معلوم اسلئے یتیم خانہ کو دیدیئے گئے اور آئندہ اُن سے سامان پر محصول دروازہ نکاسی نہ لیا جائے سپرنٹنڈنٹ صاحب چونگی کو اطلاع دیجائے	[illegible]
	عرضی راج بہادر وکیل سکنہ محلہ چاہ شور بابت عطائے اجازت پانچ دروازہ جدید					۵	اس شمل میں رضامندی اہل محلہ شامل نہیں ہے بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ اول ذریعہ سپرنٹنڈنٹ حلقہ تکمیل شمل ہونا چاہئے بعد تکمیل آئندہ جلسہ میں کاغذات پیش کئے جائیں -	ایضاً
	کاغذات تعمیر مکان بشمول آراضی چبوترہ حسب خواہش دولہ و عذرداری سید ظہور حسین پیش شدہ جلسہ کمیٹی ۳۱ جنوری سنہ ۱۹۱۵ء					۶	آج یہ کاغذات بموجودگی دولہ عرضی گذار و سید ظہور حسین عذردار جلسہ کمیٹی میں پیش ہوئے عذرات ہر دو فریق سنے گئے سید ظہور حسین عذردار نے اقرارنامہ نوشتہ دولہ دوکاندار پیش کرنیکا آئندہ جلسہ کمیٹی میں وعدہ کیا ہے عذردار کے دستخط اطلاعیابی کرالی گئی کہ آئندہ جلسہ کمیٹی میں اقرارنامہ پیش کیا جائے کاغذات ہذا میں ممبر صاحب حلقہ کی تحقیقات شامل نہیں ہے لہذا بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ اصل کاغذات ممبر صاحب حلقہ کے پاس مرسل ہوکر لکھا جاتا ہے کہ بعد معائنہ موقع پر کاغذات آئندہ جلسہ کمیٹی میں پیش کئے جاویں دولہ دوکاندار و سید ظہور حسین عذردار بھی آئندہ جلسہ کمیٹی میں حاضر ہوں -	ایضاً
	کاغذات تکمیل شدہ دربست ٹیکس بابت متعلقہ میونسپلٹی حسب رپورٹ رسالدار صاحب ممبر					۷	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ درخواست کا فارم مطبوعہ ہونا چاہئے جسکا نمونہ صاحب سکریٹری و صاحب ممبر حلقہ تجویز کرکے آئندہ جلسہ کمیٹی میں پیش کریں -	ایضاً
	کاغذات تعمیر مکان عظمت علیخان ساکن محلہ گھیر قلندر خان دربارہ تصفیہ آراضی شرح قیمت خرید شدہ عرضی گذار -					۸	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ عظمت علیخان نے آراضی خرید کی ہو تاہم بردہ کے پاس جو بیعنامہ آخری ہو وہ پیش ہونا چاہئے اور آئندہ جلسہ کمیٹی میں عظمت علیخان کو مع بیعنامہ کے طلب کیا جائے - بیعنامہ معائنہ ہونے کے بعد شرح قیمت آراضی کا تصفیہ کیا جائیگا -	ایضاً

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	نام پریزیڈنٹ	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	نمبر	تجویزات کمیٹی	[illegible]
۹	درخواست ولی محمد خان ولد نظیر محمد خان ساکن بزریہ جھبو خان باشندہ عار اجازت تعمیر مکان مطابق نقشہ منظور شدہ سے مسمیان عبدالرشید خان وغیرہ					۹	آج یہ مثل پیش ہوئی ولی محمد خان عرضی گذار و عبدالرشید خان وغیرہ عذرداران کو طلب کیا گیا تھا ولی محمد خان عرضی گذار حاضر ہوا اور وقت پیشی مثل عذرداران حاضر نہیں ہوئے۔ مثل کے معائنہ سے یہ امر ثابت ہے کہ ولی محمد خان عرضی گذار مطابق نقشہ اجازت کا خواستگار ہے۔ ذریعہ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل سے تحقیقات ہوئی ہیں رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل مورخہ ۔۔ دسمبر [illegible] مشمولہ کاغذات مثل سے واضح ہے کہ یہ اراضی سرکاری ثابت نہیں ہوئی شمول اراضی میں کوئی حرج نہیں ہے بعد شمول اراضی کے راستہ [illegible] رہیگا یہ عذرداری صرف باہمی رنجش کی وجہ سے ہوئی ہے نقشہ میں ایک سو چوبیس فٹ اراضی درج ہے اور موقع پر ایک سو چوبیس [illegible] کی پیمائش سے ثابت ہوئی تو بمقابلہ نقشہ کے زائد اراضی عرضی گذار کی ہے بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ ولی محمد خان کو اجازت تعمیر مکان مطابق نقشہ منظور شدہ [illegible] دیجاتی ہے عذرداران کو اگر کوئی عذر ہو تو وہ عدالت مجاز میں چارہ جوئی کرسکتے ہیں	[illegible]
۱۰	عرضی محمد یحییٰ خان ساکن گنج حضرت نور خان باشندہ عار اجازت تعمیر مکان و برآمدگی ایک دروازہ جدید۔					۱۰	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب و سپرنٹنڈنٹ حلقہ اجازت تعمیر مکان دروازہ قدیم و برآمدگی ایک دروازہ جدید بادخال نذرانہ دو روپیہ دیجاتی ہے تعمیر بنیاد سابقہ پر ہونا چاہیے	ایضاً
۱۱	عرضی نظیر احمد دکاندار گنج قدیم باشندہ عار اجازت تعمیر دکان و نصب سہ دری و چڑھانے دو چوبی کیواڑ و برآمدگی ایک بیچی					۱۱	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب و سپرنٹنڈنٹ حلقہ برضامندی اہل محلہ اجازت تعمیر دکان بر بنیاد سابقہ و نصب سہ دری باخذ نذرانہ [illegible] و برآمدگی ایک [illegible] باخذ نذرانہ ایک روپیہ و چڑھانے دو چوبی کیواڑ باخذ نذرانہ چار [illegible] دیجاتی ہے مبلغ گیارہ روپیہ نذرانہ داخل کرایا جاوے تعمیر بنیاد سابقہ پر ہونا چاہیے	ایضاً
۱۲	عرضی محمد معشوق ساکن محلہ [illegible] باشندہ عار تعمیر چبوترہ [illegible] سرکاری متصل دیگر چبوترہ [illegible]					۱۲	اس مثل میں کوئی تحقیقات ہو کر ممبر صاحب حلقہ شامل نہیں ہے بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ اول جاکر کمیٹی [illegible] ممبر صاحب ممبران حلقہ موقعہ معائنہ کریں بعد معائنہ موقعہ کاغذات آئندہ جلسہ کمیٹی میں پیش کیجائیں۔	ایضاً
۱۳	مثل عذرداری صاحبزادہ سید سلطان علی خان بہادر ساکن گنج [illegible] خان [illegible] شمول اراضی سرکاری در قبرستان و نیچی کرنا دیوار احاطہ قبرستان۔					۱۳	آج یہ مثل جلسہ کمیٹی میں پیش ہوئی تحقیقات [illegible] تحصیلدار صاحب حضور تحصیل کے تحقیقات سے اراضی سرکاری کا شامل ہونا نہیں پایا جاتا متولی قبرستان نے تعمیر بلا اجازت کی ہے تعمیر بلا اجازت ہو نہیں سکتی تاوان عائد ہونا قاعدہ ہے متولی قبرستان بلا اجازت تعمیر کرنے کے متعلق معافی کا خواستگار ہے اور محافظ قبرستان کا ہے جو قطعی شے ہے۔ بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ ایسی صورت میں تاوان عائد نہیں ہو سکتا تحقیقات سے اراضی سرکاری شامل ہونا نہیں پائی جاتی ہے۔ صاحبزادہ سید سلطان [illegible] خان بہادر دیوار نیچی کرنے احاطہ قبرستان کی بابت عذرداری [illegible] نیچی کرنے پر مجبور نہیں کرسکتی ہے اگر صاحبزادہ صاحب کو کوئی عذر ہو تو مکان کی حفاظت کیلئے عدالت مجاز میں چارہ جوئی کرسکتے ہیں	ایضاً

نقشہ اجناس ریاست رامپور بابتدائے ماہ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	•	•	۵/۵ سار	•	۵ سار	•	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	•	•	۷/۰ سار	•	۷/۰ سار	•	
نخود دکستینر	•	•	۸ سار	•	•	•	
گنتہ	•	•	۵ سار	•	•	•	
ماش	•	•	۵/۵ سار	•	۶ سار	•	
مونگ	•	•	•	•	•	•	
مکا	•	•	۷ سار ۷/۰ سار	•	۸ سار	•	
جئی	•	•	•	•	•	•	
نخود جئی	•	•	•	•	•	•	
عدس	•	•	•	•	•	•	
ارہر	•	•	•	•	•	•	
برنج	•	•	۳ سار	•	•	•	
روغن زرد	•	•	۸ چھٹانک	•	۸ چھٹانک		
روغن سیاہ	•	•	۲ سار	•	۳/۰ سار		
روغن کنجد	•	•	•	•	۲ سار		
نمک سانبھر	•	•	۱۱ سار	•	۱۱ سار	•	
نمک لاہوری	•	•	۶ سار	•	•	•	
مرچ سیاہ	•	•	۵ سار	•	۵ سار	•	
بورہ	•	•	•	•	۷ سار		